پی ۔ کے فلمز کا پیش کردہ

[illegible]

اداکاران

پردیپ کمار

مالا سنہا - نذیر حسین

منورما - آغا

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

مٹی میں سونا کے گانے

گانا نمبر ۱

لڑکا:۔ آنکھوں سے آنکھیں ملیں
دل سے دل ٹکرانے دو
لڑکی:۔ نہ بابا معاف کرو دیر ہوئی گھر جانے دو
لڑکا:۔ کیوں اتنا گھبرائی ہو تم جیسے دیوانوں سے
لڑکی:۔ صحیح ہوں لیکن ڈرتی ہوں تم جیسے پروانوں سے
لڑکا:۔ پروانے کو ظلم پاس تو اپنے آنے دو
لڑکی:۔ نہ بابا معاف کرو ــــ
لڑکا:۔ کیا اس دل کی حالت ہے
تجھ کو کچھ معلوم نہیں
لڑکی:۔ تجھکو خوب سمجھتی ہوں میں اتنی معصوم نہیں
لڑکا:۔ شرمیلی آنکھوں کو دل پر تیر چلانے دو
لڑکی:۔ نہ بابا معاف کرو ــــ
لڑکا:۔ کالج کی ہر لڑکی سے ذکر تمہارا کرتا ہوں
لڑکی:۔ سب سے یہی کہتے ہوگے
میڈم تم پہ مرتا ہوں
لڑکا:۔ انت میں جو کچھ ہو میری قسمت پوچھنے دو
لڑکی:۔ نہ بابا معاف کرو ــــ

گانا نمبر ۲

لڑکا:۔ بال بکھرے تیرے گال نکھرے ہوئے
یہ گریں گی کہاں بجلیاں

لڑکی:- چال رُکنے لگی آنکھ جھکنے لگی
پڑ گئیں تیری نظریں کہاں

لڑکا:- بال بکھرے ہوئے ــــ
حسن یہ جھلملاتا دھمکتا
جیسے ساون میں جگنو چمکتا

لڑکی:- یوں ترے پیچھے پیچھے میں پھرتی رہی
جیسے جنگل میں راہی بھٹکتا
ایک تتلی ہوں میں جب سے نکلی ہوں میں
دیکھ کر پیار کا گلدستہ

لڑکا:- بال بکھرے ہوئے ــــ
دیکھ کر تیری صورت یہ پیاری
کہیں مندر نہ چھوڑے پجاری

لڑکی:- منہ کے تو دیکھنے جیسے جیسے ہو
وہ پریشاں رہے عمر ساری
تیرے پیچھے پھرے ٹھنڈی آہیں بھرے
کبھی کبھی حسین لڑکیاں

لڑکا:- بال بکھرے ہوئے ــــ
تیرے نینا محبت کے پیاسے
کدر سے دیئے رہے ہیں دلاسے

لڑکی:- جیسے ساگر سے ملتی ہے ندیا
آملوں گی میں اپنے پیا سے
گنگناتا سماں آرزو ئے جواں
میں جدا رہ سکوں گی کہاں

لڑکا:- بال بکھرے ہوئے

گانا نمبر ۳

پوچھو نہ ہمیں اُن کے لیے کیا کیا نذرانے لائے ہیں
نینوں کو مبارک باد انہیں انکھیوں میں آنسو آئے ہیں

پوچھو نہ ہمیں —

جیون کی سُہانی راہوں میں
اُن کو اِک جیون میت مِلا
اور ہنستی ہوئی اس محفل سے
ہم کو بِرہا کا گیت مِلا
کلیوں کی طرح مُسکائے تھے ہم
پھولوں کی طرح مُرجھائے ہیں

پوچھو نہ ہمیں —

طوفان ہزاروں ساتھ لیے یہ جیون کی دھارا بہتی ہے
اور دیکھ کے اُس کی موجوں کو
تقدیر یہ ہنس کر کہتی ہے
ساحل کے لیے جو تڑپے تھے، وہ آخر بھنور میں آئے ہیں

پوچھو نہ ہمیں —

گانا نمبر ۴ لڑکی :- تیری دُنیا میں اے مالک
میں نہ آتی تو اچھا تھا
مجھے اس زندگی سے موت آ جاتی تو اچھا تھا

کورس :- جے ہو
پجاری :- جب اس دھرتی پر دُکھ پا کر روئے کوئی انسان
مدد کو آتے ہیں بھگوان
لڑکی :- دُکھ کے بعد ہی سُکھ، اندھیارے کے بعد اُجالا
کیا معلوم یہی آنسو بن جائیں خوشی کی مالا

پجاری: یہ مت گھبرانا سب کی رکشا کرتا ہے بنسی والا
لڑکی: جب اس جیون کے ساگر میں اٹھتے ہیں طوفان
کورس: مدد کو آتے ہیں بھگوان
لڑکی: آندھی اور طوفان میں اپنے من کا دیپ جلائے
چلی بسودھا رانی دل میں لاکھوں درد چھپائے
پجاری: چھم چھم روئے نند کی انکھیاں یگ یگ تجھ کو کھلے
لڑکی: ششبش جھکا کے چلی بچانے
ننھی سی اک جان
کورس: مدد کو آتے ہیں بھگوان
گانا نمبر ۵ لڑکا: اک اک آنکھ تیری سوا سوا لکھ دی
کالی کالی انکھیوں میں بجلی چمکدی
یہ زلفیں ہیں بادل کالے۔ میرے دل پر ہیں سنے والے
لڑکی: تیکھے تیکھے بلمانے دیکھا ہنس ہنس کے
پیار والا جال بچھا نگاہیں گئی پھنس رے
نہ اور کوئی تجھکو چرائے
تجھکو رکھنا لگا کے گلے
لڑکا: لال لال گال پر جو دیکھ لیا تل رے
گورے گورے قدموں میں جو پھینک دیا دل رے
لڑکی: ہنس کے اٹھاؤں گی یہ پیار والا دل رے
میری ہی یہ پریت تھی جو مجھے گئی مل رے
لڑکا: اک اک آنکھ تیری
دنیا میں عاشقوں کا پہلا یہ اصول ہے
عاشقی میں دنیا سے ڈرنا فضول ہے
لڑکی: مانگ کا سندور تیرے چرنوں کی دھول ہے

تیرے لئے مرنا بھی مجھ کو قبول ہے
تیکھے تیکھے نیناں ـــــ
لڑکا: انکھیاں ملانا گوری تیرا ہی ثواب ہے
اپنا بنالے گی تو بول کیا جواب ہے
لڑکی: تیرے لئے کھولی میں نے چہرے کی کتاب ہے
پیار کے سوالوں کا ان آنکھوں میں جواب ہے
لڑکا: ـــ اک اک انکھ تیری ـــــ
گانا نمبر ۱۵ یہ دنیا رہے نہ رہے کیا پتہ
میرا پیار تجھ سے رہے گا سدا
ستاروں سے بھی تو ہے پیارا مجھے
کلیجہ بھی مانگے تو دے دوں تجھے
جھکنے نہ دوں پاس کوئی بلا ـــ میرا پیار ـــــ
پسینہ بھی تیرا گرے گا جہاں
وہاں دوں گی میں خون اپنا بہا
دکھا دوں گی کیا مال کی ہے ممتا ـ میرا پیار ـــــ
گانا نمبر ۱۶ لاہوری: ـ میں دل ہاتھوں پہ لایا ہوں
مگر قاتل نہیں ملتا
بہت ملتی ہے بلو پر لاہوری دل نہیں ملتا
بلو: ـ ارے او محترمہ عاشق کا تو اکیا جانے
یہ دریا محبت ہے یہاں ساحل نہیں ملتا
لاہوری: ـ میں نے کہا مس وٹ از دس
میں نے کہا مس وٹ از دس
پہلی ملاقات میں ہی کیا کس مس
بلو: ـ کبھی کہے دس کبھی کہے دیٹ

تیری دِس ڈِیتھ ہیں نہ آئے رحم کی یہ مِس

لاہوری :۔ مار ڈالا مار ڈالا گوری میم نے
لُوٹ لیا لُوٹ لیا تیرے پریم نے

بلو :۔ چل رے لاہوری تُو ہے بڑا جھوٹا
بلو بلو کہہ کے میرا دِل کو لُوٹا
نہ تُو میرا اسٹیشن بابو نہ مَیں تیری مِس

لاہوری :۔ مَیں نے کہا مِس ——
مجھے نہ ستا

بلو :۔
جا جا جا

لاہوری :۔ جا کے تُو رسوئی میں چپاتیاں بنا
مرغیوں کا شوربہ بنا مجھے

بلو :۔ روٹیاں پکا کے میں کھلاؤں کی تجھے

لاہوری :۔ آدمی ہوں کام کا قسم تیری مِس
مَیں نے کہا مِس
وٹ اِز دِس مَیں نے کہا مِس
ختم شُد

عملیات تعویذات کی لاجواب کتابیں

عملیات گنج عالم	3/-/-	عملیات لبنی کرن	2/-/-
عملیات گنج محبوب	1/8/-	اندرجال	1/8/-
عملیات تسخیر قلب	2/-/-	استاد جادوگراں	3/-/-
مکمل جادوگری	2/8/-	جادو مسمریزم	2/-/-
چین بنگال کا جادو	-/12/-	کالا جادو	4/-/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	آنو تنتر	3/-/-
رہنمائے جادوگری	1/4/-	کوا تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-	نقش روحانی	-/12/-
تعویذ سلیمانی	1/-/-	کنز الحسین	2/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	2/-/-	قیامت نامہ	-/8/-
قصص الانبیاء	3/-/-	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
نماز مترجمہ	-/12/-	" مکمل	8/-/-
صبح کا ستارہ	-/12/-	فسانہ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/8/-	معجزات المسلمین	-/6/-
قصہ حضرت ایوب	-/6/-	صبر فاطمہ	-/4/-
معراج رسول	-/4/-	نماز کا پھل	-/3/-